

مسلسل ادائیگی کی فکر سے آزادی کے ساتھ، اس لمپ سم پیمنٹ پلان سے اپنے مستقبل کے خوابوں کو پورا کریں، جو آپ کی مالی ضروریات کے ساتھ اضافی تحفظ بھی فراہم کرتا ہے۔
ای ایف یو لائف ایشورنس آپ کے لئے لایا ہے ایکسلریٹڈ سیونگز پلان جو لائف پروٹیکشن کے ساتھ ساتھ آپ کے سرمائے کو بڑھانے کیلئے بنایا گیا ہے تاکہ آپ کے چاہنے والے ایک شاہانہ زندگی بسر کر سکیں۔ آپ کو آپ کے پریمیم کے علاوہ دی گئی رقم سے بھی بہترین منافع حاصل ہوگا تاکہ آپ کی سرمایہ کاری تیزی سے پروان چڑھ سکے۔ آپ کی بنیادی اکاونٹ کے اوپر آپ کو ایک اضافی بونس دیا جائے گا جو انویسٹمنٹ ریٹرنز کو زیادہ سے زیادہ بڑھاتا ہے۔

## ایکسلریٹڈ سیونگز پلان کے ساتھ:

- ایک بار ادائیگی اور میچورٹی تک کا سکون
- سب سے زیادہ یونٹ ایلوکیشن کے ساتھ ساتھ بونس ایلوکیشنز
- اضافی زندگی کا تحفظ
- اضافی تحفظ کے لئے رائیڈرز کی موجودگی
- بچت کے فروغ اور کیش ویلیوز کو بڑھانے کے لئے مزید ادائیگیاں کریں

## پلان کی پُرکشش خصوصیات:

**آپ کی بچت کے گروتھ کے مواقع:**

ہر ادا کیا گیا پریمیم ای ایف یو لائف کے ذیلی فنڈ میں انویسٹ کیا جاتا ہے۔ ان فنڈز کو سرمایہ کاری کے ماہرین چلاتے ہیں جو کہ حالات کو مدِّنظر رکھتے ہوا اچھے ریٹرنز کے لئے رقم کو انویسٹ کرتے ہیں۔

آپ درج ذیل یونٹ سے منسلک فنڈز میں سے کسی کا انتخاب کر سکتے ہیں:

**ای ایف یو مینیجڈ گروتھ فنڈ:** ایک متوازن سرمایہ کاری کی حکمت عملی پر مشتمل سرمایہ کاری فنڈ۔ اس کا مقصد، سرکاری سیکیورٹیز، محتاط طور پر منتخب کی گئی بلوچِپ ایکویٹیز اور دیگر مقرّرہ آمدنی کے ذرائع اور نقد سرمایہ کاری کے ذریعے، سرمایہ کاری کی مناسب نشوونما اور مستحکم منافع جات حاصل کرنا ہے۔

**ای ایف یو گارانٹیڈ گروتھ فنڈ:** مستحکم منافع جات فراہم کرنے والا سرمایہ کاری فنڈ اس ضمانت کے ساتھ کہ فنڈ کی بِڈ پرائس نیچے نہیں آئے گی۔ اس کا مقصد قلیل المدّت ڈیٹ سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری کے ذریعے مستحکم نشوونما حاصل کرنا ہے۔

## ایلوکیشن فیصد:

بنیادی پلان کے پریمیم کا حصّہ جو سرمایہ کاری کیلئے مختص کیا جاتا ہے اسکا تناسب پالیسی کے مطابق درج ذیل جدول میں موجود ہے:

| پالیسی کا سال | ایلوکیشن فیصد |
|---|---|
| 1 | 45فیصد |
| 2 | 85فیصد |
| 3 سے 10 | *105فیصد |

* لمپ سم پریمیم کی ادائیگیوں کی وجہ سے بونس یونٹس شامل ہیں۔

## سم اشورڈ:

سم اشورڈ ایک گارینٹڈ رقم ہے جو پالیسی ہولڈر کی وفات کی صورت میں ادا کیا جاتا ہے۔ یہ رقم بنیادی سالانہ پریمیم کے دس گنا ہوگی۔

## فنڈ تک آسانی سے رسائی:

یہ پلان مکمل طور پر ذہنی سکون فراہم کرتا ہے کہ آپ کو پالیسی کی مدت کے دوران کبھی بھی اپنے جمع شدہ فنڈ تک رسائی ہوگی۔ تمام یونٹس کو 2 سال کی مسلسل ادائیگیوں کے بعد کیش کروایا جا سکتا ہے۔
اگر پالیسی 13 مہینے کے مکمل ہونے سے پہلے سرینڈر کی جائے، تو پہلے سال کے پریمیم کے برابر کیش ویلیوز میں سے سرینڈر چارجز لیے جائیں گے۔

## فنڈ ایکسلریشن پریمیئم:

اگر آپ کے پاس، پلان کی مدّت کے دوران کسی بھی وقت اضافی نقد رقم موجود ہو تو اپنی کیش ویلیو کو بڑھانے کیلئے آپ اس کو پلان میں مزید سرمایہ کاری کیلئے استعمال کر سکتے ہیں۔ ان اضافی ادائیگیوں کو فنڈ ایکسلریشن پریمیئم کہتے ہیں۔ آپ یہ ادائیگیاں پالیسی کے نافذ العمل ہوتے ہوئے کسی وقت بھی ادا کر سکتے ہیں۔ کم از کم فنڈ ایکسلریشن پریمیئم 20,000 روپے فی ادائیگی ہے۔
فنڈ ایکسلریشن پریمیئم ادائیگیوں کا 100 فیصد منتخب فنڈ میں یونٹس کی خریداری کیلئے مختص کیا جاتا ہے۔

## اس پلان کے تحت فوائد:

**وفات کی صورت میں حاصل فائدہ:**

جیسے ہی آپ ایکسلریٹڈ سیونگز پلان میں بچتوں کا آغاز کرتے ہیں، آپ کو بیمہ زندگی کے تحفّظ کا ایک ضمانت شدہ درجہ حاصل ہوگا۔ پالیسی کنندہ کی وفات کے بعد اسکے نامزد کردہ کو ادا کیا جائے گا:

پلان کا سم اشورڈ اور بنیادی پلان کے پریمیم پر اطلاق شدہ یونٹس کی کیش ویلیوز (کا مجموعہ ادا کیا جائیگا)
پلس
فنڈ ایکسلریشن پریمئیم پر اطلاق شدہ یونٹس کی کیش ویلیو (اگر کوئی ہو)

## میچورٹی بینیفٹ:

پالیسی کی مدت کے اختتام پر، ادا کیا جانے والا میچورٹی بینیفٹ
ریگولر پریمیم کی کیش ویلیو
پلس
فنڈ ایکسلریشن پریمیم کی کیش ویلیو ہوگی (اگر ادا کی گئی ہو)

## افراطِ زر سے تحفّظ:

اس انتخاب کے تحت، بغیر کسی میڈیکل ثبوت کے، ہر سال پریمئیم پچھلے سال کے اصل بنیادی پلان کے پریمئیم کا 5 فیصد، اطلاق کردہ فوائد میں مناسب اضافے کے ساتھ، بڑھ جائے گا بغیر کسی میڈیکل ثبوت کے۔ اس آپشن کے انتخاب پر، تمام سالوں کے پریمئیم پالیسی کے آغاز پر لمپ سم کے طور پر لے لئے جائیں گے۔

## پلان میں دستیاب اضافی فوائد:

ان میں سے کسی ایک ایکسڈینٹل ڈیتھ رائیڈر کا انتخاب کیا جاسکتا ہے:

### ایکسیڈینٹل ڈیتھ بینیفٹ:

بیمہ دار کی حادثاتی وفات کی صورت میں، یہ رائڈر ایک اضافی یکمشت فائدہ فراہم کرتا ہے۔

### ایکسیڈینٹل ڈیتھ اینڈ ڈسبیلٹی پلس بینیفٹ:

بیمہ دار کی حادثاتی وفات یا معذوری کی صورت میں، یہ رائڈر ایک اضافی یکمشت فائدہ فراہم کرتا ہے۔

## عموماً پوچھے جانے والے سوالات:

**اس پلان کیلئے کون درخواست دے سکتا ہے اور پلان کی حدود کیا ہیں؟**

تمام افراد جن کی عمر 18 سے 65 سال کے درمیان ہو (اگلی سالگرہ پر)، اس پالیسی کے اہل ہیں۔ کوریج کی مدت 15 سے 20 سال ہے اس بات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے میچورٹی کے وقت زیادہ سے زیادہ عمر کی حد 80 سال ہے۔

**اس پلان کا طریقہ کار کیا ہے؟**

یہ ایک ریگولر پریمیم پلان ہے جس کے 10 سال کے پریمیم پالیسی لیتے وقت ادا کیئے جاتے ہیں۔

**میں کم از کم اور زیادہ سے زیادہ کتنا پریمیم دے سکتا ہوں؟**

پلان کا کم از بنیادی پریمیم 20,000 روپے سالانہ ہے۔ زیادہ سے زیادہ کی کوئی حد نہیں۔

## اخراجات کیا ہیں؟

پلان پر درج ذیل اخراجات کا اطلاق ہوتا ہے:

| | |
|---|---|
| ایڈمنسٹریشن اخراجات | 60 روپے ماہانہ |
| بڈ آفر سپریڈ | کُل باقاعدہ پریمیئم کا 5 فیصد |
| انویسٹمنٹ منیجمنٹ اخراجات: | فنڈ قدر کا 0.125 فیصد ماہانہ |

## قابلِ تنبیہ امور:

- یہ پروڈکٹ ای ایف یو لائف کی پیش کردہ ہے، یہ الائیڈ بینک یا اس سے ملحق کسی ادارے سے ضمانت کردہ یا بیمہ شدہ نہیں ہے اور نہ ہی یہ الائیڈ بینک کی پروڈکٹ ہے۔ الائیڈ بینک اپنے قابل قدر صارفین کیلئے اس پروڈکٹ کا صرف تقسیم کار اور تشہیر کار ہے۔

- آپ کے پریمیئم کی قدر میں نشو ونما کا انحصار منتخب شدہ فنڈ کی، جس میں پریمیئمز کی سرمایہ کاری کی گئی ہے، کی کارکردگی پر ہے۔
- منتخب شدہ فنڈ میں کی گئی تمام سرمایہ کاریاں مارکیٹ کی صورت حال پر منحصر کرتی ہیں۔ منتخب شدہ فنڈ میں سرمایہ کاری کی کارکردگی میں رسک بیمہ دار کی ذمہّ داری ہوگی۔
- فنڈ کی سابقہ کارکردگی ضروری نہیں کہ مستقبل کے رسک کی نشاندہی کرے، اسی طور پر کوئی بھی پیشین گوئی فنڈ کے ممکنہ یا مستقبل کی کارکردگی کے طور پر لینا ضروری نہیں، اور نہ ہی ای ایف یو لائف اور نہ ہے الائیڈ بینک اسکے لئے کوئی ذمہّ داری قبول کریں گے۔
- فوائد کی ایک انفرادی وضاحت آپ کو ہمارے سیلز کے نمائندے کی طرف سے پیش کی جائیگی، براہ مہربانی مختلف شرائط وضوابط کو تفصیلی طور پر سمجھنے کیلئے شذرات ملاحظہ کیجئے۔
- متعلقہ اداروں کے مقرر کردہ ٹیکس کے قوانین کے تحت ٹیکسوں کا اطلاق ہوگا۔
- معاہدہ کن خطوط پر کام کرتا ہے اس کی وضاحت پالیسی کے شرائط وضوابط میں کی گئی ہے۔ یہ کتابچہ منصوبے کے خدوخال اور فوائد کا ایک عام جائزہ پیش کرتا ہے۔

efu LIFE

**EFU LIFE ASSURANCE LTD.**
EFU Life House: Plot No. 112, 8th East Street,
Phase I, DHA, Karachi, Pakistan.
Tel: (021) 111-EFU-111 (111-338-111)
Fax: (021) 34537519
Website: www.efulife.com

Allied Bank | آپ کے دل میں ہمارا اکاؤنٹ



# آپ کے خوابوں کے تعبیر
# ایک منفرد پلان کے ساتھ

## ایکسلریٹڈ سیونگز پلان

efu LIFE